# ALL PAKISTAN TEXTILE PROCESSING MILLS ASSOCIATION

## قواعد وضوابط برائے اپٹما الیکشن 28-2026ء

(1) اپٹما الیکشن 28-2026ء ٹریڈ آرگنائزیشنز ایکٹ وٹریڈ آرگنائزیشنز رولز 2013ء (اپ ڈیٹ شدہ) اور ایسوسی ایشن کے موجودہ میمورینڈم اینڈ آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں درج قواعد وضوابط کے مطابق کروائے جارہے ہیں۔ ایسوسی ایشن کے الیکشن میں وہی ممبران (ووٹرز) حصہ لے سکیں گے جن کی تجدید رکنیت برائے سال 27-2026ء مورخہ 20 اپریل 2026ء تک ہوچکی ہے اور وہ اس الیکشن شیڈیول کے جاری ہونے کی تاریخ سے ایسوسی ایشن کی درست (valid) ممبرشپ کے دو (2) سال مکمل کر چکے ہوں اور وہ ممبرشپ اور تجدید رکنیت کی شرائط (بمطابق رول نمبر 11 ٹریڈ آرگنائزیشنز رولز) پر پورا اترتے ہوں۔ البتہ پرانے (Old) ممبران جنہوں نے دوبارہ رکنیت حاصل کی ہو تمام واجبات کی ادائیگی کے بعد ایک سال ممبرشپ مکمل ہونے پر ووٹ ڈالنے اور الیکشن میں حصہ لینے کے اہل ہونگے۔

(2) قواعد وضوابط کے مطابق اپٹما الیکشن 28-2026ء اپٹما الیکشن کمیشن کی زیر نگرانی ہوگا اور یہ الیکشن کمیشن تین افراد پر مشتمل ہوگا، یعنی ہر ریجن سے ایک ایک فرد۔

(3) مجوزہ قواعد وضوابط کے مطابق ہر اہل ووٹر ممبر سیکرٹری جنرل / ریجنل سیکرٹری متعلقہ کو نمونہ کے دستخط کا کارڈ / فارم (جو کہ لف ہذا ہے)، بمعہ تصویر، ممبر فرم میں عہدہ کی نشاندہی کرے گا۔ ووٹ ڈالنے کا حق صرف پروپرائیٹر، پارٹنر یا ممبر فرم یا کمپنی کے ڈائریکٹر یا اس شخص کو ہوگا جو جنرل مینیجر کے عہدہ سے کم نہ ہو اور جسے پبلک لمیٹڈ کمپنی یا ملٹی کارپوریشن کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے اختیار دیا ہو۔ اور اس کا نام سیکرٹری جنرل / ریجنل سیکرٹری کے پاس پہلے سے درج شدہ ہو اور ووٹرز لسٹ میں شامل ہو۔

(4) ترمیم شدہ ایکٹ / رولز (رول نمبر 13) کے قواعد وضوابط کے مطابق تمام نو منتخب شدہ ممبران ایگزیکٹو کمیٹی و عہدیداران کے عہدوں کی معیاد 2 سال ہوگی جو 30 ستمبر 2028ء کو ختم ہوگا۔

(5) مجوزہ رولز کے مطابق ایگزیکٹو کمیٹی کے کل 30 اراکین کے علاوہ خواتین کے لئے ایگزیکٹو کمیٹی کی 2 مخصوص نشستیں مقرر ہیں، ایسوسی ایشن کے کسی بھی ممبر یونٹ کی جانب سے مقرر نمائندہ (اگر کوئی خاتون ہو اور اس کا نام حتمی ووٹر لسٹ میں شامل ہو اور وہ الیکشن میں حصہ لینے میں دلچسپی رکھتی ہو) تو وہ مذکورہ مخصوص نشست کے لئے الیکشن میں حصہ لے سکتی ہے، اور خواتین نمائندہ کی ان 2 مخصوص نشستوں سے زائد کاغذات نامزدگی موصول ہونے کی صورت میں الیکشن جس کا "الیکٹورل کالج" ایگزیکٹو کمیٹی ہوگا۔

(6) تمام نو منتخب عہدیداران و ممبران ایگزیکٹو کمیٹی 2 سال مکمل ہونے پر مورخہ 30 ستمبر 2028ء کو ریٹائر ہوں گے۔ موجودہ تمام ممبران ایگزیکٹو کمیٹی و عہدیداران مورخہ 30 ستمبر 2026ء کو ریٹائر ہو جائیں گے اور اس حالیہ / مذکورہ الیکشن میں حصہ لینے کے اہل نہیں ہونگے۔

(7) تمام نو منتخب ارکان ایگزیکٹو کمیٹی و عہدیداران اپنے عہدوں کا چارج یکم اکتوبر 2026 سے سنبھالیں گے اور ان کے عہدوں کی معیاد 30 ستمبر 2028ء تک ہوگی۔

(8) ترمیم شدہ ایکٹ / رولز 2013 (رول نمبر 13) کے مطابق تمام ٹریڈ آرگنائزیشنز کے الیکشن 2 سال کی بنیاد پر ہونگے۔

(9) مجوزہ رولز کے مطابق نو منتخب چیئرمین، سینئر وائس چیئرمین ایک ہی ریجن سے نہیں ہونگے۔

(10) مجوزہ رولز اور ایسوسی ایشن کے آرٹیکل 28(8)(i) کے تحت ریجنل چیئرمین کی بجائے ہر ریجن سے نو منتخب وائس چیئرمین اس ریجن کا انچارج متصور ہوگا۔

(11) اگر کوئی دن جس دن انتخابی نظام الاوقات کے تحت عمل کرنے کا پروگرام تعطیل کے دن پڑتا ہے، تو اس طرح کا عمل تعطیل کے اگلے ہی دن انجام دیا جائے گا۔

(12) اگر الیکشن شیڈیول میں طے شدہ تاریخوں میں سے کسی میں عوامی تعطیل ہو، تو اسے اگلے کاروباری دن پر تبدیل کیا جائے گا۔

All Pakistan Textile Processing Mills Association * A.P.T.P.M.A. Head Office Faisalabad.

☆☆☆☆☆☆☆

**Head Office:** 863-C, APTPMA House, Amin Town, APTPMA Road, (old Kashmir Road) Opp: Steam Power Station, West Canal Road, Faisalabad (Pakistan) Phone: +92-41-9230289 - Fax: +92-41-9230287
Email: aptpma@aptpma.com.pk, Web: www.aptpma.com.pk

CamScanner